مطبوعات

مشکوٰۃ المصابیح کی کتاب الزکوٰۃ وکتاب الصوم | تالیف ۔ منظور احمد صاحب ۔ پروفیسر اسلامیہ کالج ریلوے روڈ ۔ لاہور شائع کردہ ۔ علمی کتاب خانہ اردو بازار، لاہور ۔ قیمت ۔ سات روپے ۔ صفحات ۔ ۱۹۳ ۔

اس مفید سلسلے کی پہلی کتاب یعنی کتاب الصلوٰۃ پر اس سے پہلے ان صفحات میں تبصرہ کیا جا چکا ہے ۔ زیرِ نظر کتاب اس سلسلے کی دوسری کڑی ہے ۔ فاضل مصنف کا اندازِ تحقیقی اور عالمانہ ہے ۔ اس سلسلے کو ہمارے دینی ادب میں بیش قیمت اضافہ کہا جا سکتا ہے ۔ افسوس کہ کتاب کا معیارِ کتابت اور طباعت اُس سطح کا نہیں جس اُونچی سطح کی یہ کتاب ہے ۔

اسلام اور اشتراکیت | تالیف ۔ مولانا محمد بہاء الحق قاسمی ۔ ملنے کا پتہ ۔ پیرزادہ عطاء الحق قاسمی ایم اے ۔ بلاک اے ۔ ماڈل ٹاؤن، لاہور ۔ صفحات ۔ ۱۹۲ ۔

جس وقت سے اس ملک میں اشتراکی فتنے نے سر اُٹھا لیا ہے ۔ اس وقت سے مسلمانوں کے صاحبِ دل اور صاحب

---

۴ ۔ کوغیر منقولہ جائداد میں سے ترکہ نہ ملتا تھا خواہ وہ اپنے والدین کی اکلوتی بیٹی ہو اور اس کا کوئی بھائی نہ ہو ۔ وصیت کے قانون سے لوگ قطعاً نا آشنا تھے ۔

"پروفیسر الالفی فرانس کے مفتیٔ اعظم نے امام شیبانی کی غیر معمولی ذہانت کی تعریف و توصیف کی اور ان کی کتاب الحیل پر تفصیل سے روشنی ڈالی ۔ اس کے بعد حاضرین کی طرف سے سوالات کیے گئے جن کے مدلل جوابات سُن کر بہت سے یورپین سامعین نے اعتراف کیا کہ اس تقریب میں خلافِ توقع جو اہم معلومات دی گئی ہیں ان سے وہ بہت متأثر ہوئے ہیں ۔ (بشکریہ مسلم ورلڈ)

بصیرت طبقے نے اس کی تباہ کاریوں کا اچھی طرح اندازہ کرتے ہوئے اس کے سدّباب کی کوشش شروع کی ہے۔ زیرِ تبصرہ کتاب بھی اس سلسلہ کی ایک مفید کڑی ہے۔ کتاب کے فاضل مصنّف ایک دیدہ ور عالمِ دین ہیں، جن کی دُور بین نگاہوں نے آج سے تیس سال پیشتر اس خطرے کو اچھی طرح بھانپ کر اس کے خلاف مہم شروع کی اور اس حقیقت کو واضح کیا کہ اسلام کا اس مزدکی تحریک سے کوئی دور کا بھی تعلق نہیں اور اسلام کا سرمایہ داری اور اشتراکیت دونوں سے الگ ایسا جامع نظامِ فکر و عمل ہے جو خالقِ کائنات نے انسانوں کی رہنمائی کے لیے دیا ہے۔

معیارِ طباعت و کتابت گوارا ہے۔ اس کتاب کی کوئی قیمت نہیں۔ صرف انیس پیسے کے ٹکٹ بھیج کر مندرجہ بالا پتہ سے منگوائی جا سکتی ہے۔

مدرّس عربی حصّہ اوّل و دوم | تالیف: جناب میاں منظور احمد صاحب۔ شائع کردہ علمی کتاب خانہ اردو بازار لاہور۔ قیمت حصّہ اول دو روپے پچیس پیسے۔ صفحات ۱۸۵۔ حصّہ دوم چھ روپے۔ صفحات ۴۶۳۔

گذشتہ تیس چالیس سال میں عربی زبان کو آسان اور سہل انداز سے ذہن نشین کرانے کی جو متعدد کوششیں ہوئی ہیں ان میں یہ ایک کامیاب کوشش ہے۔ پہلے حصّے میں فاضل مصنّف نے بڑے اختصار کے ساتھ صرف و نحو کے ابتدائی قواعد بیان کیے ہیں۔ پھر ہر باب کے آخر میں مشق بھی دی ہے۔ تاکہ طلبہ ان قواعد سے اچھی طرح مناسبت پیدا کر سکیں۔ کتاب کے دوسرے حصّے میں عربی گرامر کے علاوہ، عربی انشا پردازی کے اصول بھی بیان کیے گئے ہیں۔ یہ حصّہ ایم اے اور مولوی فاضل کے طلبا کے لیے خاص طور پر بڑا مفید ہے۔

معیارِ کتابت و طباعت گوارا ہے۔

تفسیر سورۃ الحُجرات

علیحدہ کتابی شکل میں چھپ کر منظرِ عام پر آچکی ہے

ضرورت مند اصحاب مکتبۂ ترجمان القرآن، اچھرہ۔ لاہور سے طلب فرما سکتے ہیں

ہدیہ ۱-۲۵ روپیہ